# وزیراعظم کی یورپی کونسل کے صدر اور یورپی کمیشن کے صدر سے ملاقات

10ستمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی 10 ستمبر 2023 کو نئی دہلی میں جی20 سربراہی اجلاس کے موقع پر یورپی کونسل کے صدر محترم جناب چارلس مشیل اور یورپی کمیشن کی صدر محترمہ ارسلا وان ڈیر لیین سے ملاقات کر رہے ہیں۔ .

دونوں زائرین نے ہندوستان کی جی 20 چیئرمین شپ کی کامیابی پر وزیر اعظم کو مبارکباد دی۔

بات چیت میں ہندوستان-یورپی یونین اسٹریٹجک شراکت داری کے مختلف پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ان میں آئندہ ہندوستان-یورپی یونین سربراہی اجلاس، جاری آزاد تجارتی معاہدے کی بات چیت، موسمیاتی تبدیلی، لائیف ای کا تصور، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور ٹریڈ اینڈ ٹیکنالوجی کونسل (ٹی ٹی سی) پر بات چیت شامل تھی۔

رہنماؤں نے ہندوستان-مشرق وسطی-یورپ اقتصادی راہداری کے بارے میں بھی بات کی، جس کا آغاز 9 ستمبر 2023 کو ہوا تھا۔ انہوں نے راہداری پر تیزی سے عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ مزید برآں، وزیر اعظم مودی نے راہداری کے فریم ورک کے اندر شمسی منصوبوں کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔

**نئی دہلی**
**10ستمبر 2023**